# Government strongly condemns vandalisation of Mahatma Gandhi's statue in Davis, California, USA

January 30, 2021

---

## بھارتی کومت نے امریکہ کے کیلیفورنیا میں واقع ڈیوس شہر میں مہاتما گاندھی کے مجسمہ کی توڑ پھوڑ کی شدید مذمت کی ہے

30 جنوری، 2021

28 جنوری 2021 کو، کیلیفورنیا میں واقع ڈیوس شہر کے سینٹرل پارک میں مہاتما گاندھی کے مجسمے پر نامعلوم افراد نے توڑ پھوڑ کی۔ یہ مجسمہ 2016 میں ہندوستان کی حکومت نے شہر ڈیوس کو تحفے میں دیا تھا۔

حکومت ہند امن وانصاف کے عالمی سطح پر قابل احترام شخصیت کے خلاف اس مذموم اور حقیر اقدام کی شدید مذمت کرتی ہے۔

واشنگٹن ڈی سی میں واقع ہندوستان کے سفارتخانے نے اس واقعے کی مکمل تحقیقات اور اس قابل مذمت حرکت کے ذمہ داروں کے خلاف مناسب کاروائی کے لئے امریکی محکمہ خارجہ کے پاس معاملہ اٹھایا ہے۔ سان فرانسسکو میں ہندوستان کے قونصل خانے نے الگ طور پر اس معاملہ کو ڈیوس شہر اور مقامی قانون نافذ کرنے والے مقامی حکام کے پاس اٹھایا ہے، جنھوں نے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔ ڈیوس کے میئر نے واقعے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور بتایا ہے کہ انہوں نے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔ مقامی بھارتی کمیونٹی تنظیموں نے توڑ پھوڑ کے اس اقدام کی مذمت کی ہے۔

امریکی محکمہ خارجہ نے یہ بیان دیا ہے کہ توڑ پھوڑ کا یہ اقدام ناقابل قبول ہے، اور انہوں نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ جلد از جلد مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

**نئی دہلی**

**30 جنوری، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.